این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

查看本文件的中文版 | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
이 문서를 한국어로 보기 | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | Consultez ce document en français
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Consulte este documento en español

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

اپریل 2025

یہ تازہ ترین معلومات، خاندانوں کو سمر رائزنگ 2025، سالانہ این وائی سی اسکول سروے، امیدواروں کا فورم، اور 2025 تعلیمی کونسل انتخابات میں ووٹ ڈالنے، اور داخلوں کی اہم تاریخوں کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کرتی ہیں.

مندرجات

- **سمر رائزنگ پیشکشیں**
- **2025 نیویارک شہر اسکول سروے**
- **انتخابات برائے تعلیمی کونسل**
- **داخلوں کی اہم تاریخیں**

سمر رائزنگ پیشکشیں

جمعرات، 24 اپریل سے شروع، خاندان جنہوں نے سمر رائزنگ کے لیے 28 مارچ کی آخری تاریخ تک درخواست دی تھی وہ مائی اسکولز (**mySchools.nyc**) میں لاگ ان کر کے اپنے نتائج اور منتظرین کی فہرست دیکھ سکیں گے۔ **سمر رائزنگ نشستیں محدود ہیں** —برائے مہربانی اپنے بچے کی پیشکش صرف اس صورت میں قبول کریں اگر آپ جانتے ہیں کہ آپکا بچہ اس موسم گرما میں اپنے شیڈول کردہ پروگرام میں زیادہ تر شرکت کرے گا۔

اپنے نتائج کا جائزہ لینے کے بعد، آپ مائی اسکولز کے ذریعے براہ راست اپنے بچے کی پیشکش کو قبول یا مسترد کرسکتے ہیں۔ **سمر رائزنگ پیشکش قبول کرنے کی آخری تاریخ جمعرات، 8 مئی ہے**—اپنے بچے کی نشست کو یقینی بنانے کے لیے اپنی پیشکش کو قبول کرنا اور کسی بھی مطلوبہ سوالات کے جواب دینا یقینی بنائیں۔ اس سال، خاندان خود کار طور پر مندرج نہیں ہونگے، انہیں اپنے بچے کی پیشکشیں آخری تاریخ تک قبول کرنا لازمی ہیں، کیونکہ سمر رائزنگ کی تقرریوں کی اس وقت تک تصدیق نہیں ہوگی جب تک کہ خاندان انہیں قبول نہ کرلیں۔ پیشکش کو قبول کرنے سے آپ کے بچے کے لیے بعد میں منتظرین کی فہرست سے ایک دوسرے پروگرام سے پیشکش موصول ہونے کے مواقع متاثر نہیں ہوں گے۔

2025 نیویارک شہر اسکول سروے

2025 نیو یارک شہر اسکول سروے **جمعہ، 4 اپریل** تک مکمل کرنا نہ بھولیں! آپکی رازدارانہ رائے ہمارے اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے گی کہ ان کے طلباء اور برادری کے اراکین اپنے تعلیمی ماحول، اساتذہ، نصاب، معاون خدمات اور دیگر پہلوؤں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور ان کی ضروریات کیا ہیں۔ اسکول کے قائدین اس رائے کو اپنے اسکولوں اور پروگراموں کی پیشکش کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

سروے کو دیکھنے اور مکمل کرنے کے لیے، اپنے مستند نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ **schoolsaccount.nyc** (**NYCSA**) پر لاگ ان کریں۔ آپ کو اپنے اسکول سے سروے کی ایک چھپی ہوئی نقل بھی موصول ہوئی ہو گی جس میں سروے کو کاغذ پر یا آن لائن مکمل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات ہوں گی۔ **nycschoolsurvey.org** پر اسکول سروے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں یا سروے لیں۔

2025 کمیونٹی اور شہر گیر تعلیمی کونسل کے انتخابات

اس ماہ 2025 کمیونٹی اور شہرگیر تعلیمی کونسل (CCEC) انتخابات امیدواروں کے فورمز اور ووٹنگ کا دورانیہ شروع ہونے کے ساتھ جاری رہیں گے! پہلے، امیدواروں کے ورچوئل فورم میں ان امیدواروں سے ملنے کے لیے شرکت کریں جو آپکی کمیونٹی تعلیمی کونسل اور شہر کی چار شہرگیر تعلیمی کونسلز کے لیے انتخاب لڑ رہے ہیں۔

اسکے بعد، **25 اپریل - 13 مئی** تک، آپ اپنے **NYCSA** کے ذریعے اپنے پسندیدہ امیدواروں کو ووٹ دیں گے۔ پنا اکاونٹ ابھی بنا کر تیار رہیں— **schools.nyc.com/NYCSA** پر تلاش کریں اور ساتھ ہی **schools.nyc.gov/Elections2025** پر جانیں کہ کیسے۔ شیڈول اور رجسٹریشن کے لنک اس بارے میں مزید معلومات کہ ووٹ کیسے دیں۔ CCECs کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/ CCEC** پر جائیں۔

داخلوں کی اہم تاریخیں

موسم بہار 2025 میں خزاں 2025 کے لیے درخواست دینے کا حتمی طریق کار کا آغاز شامل ہے، اور ساتھ ہی خزاں 2025 ہی کے لیے متعدد داخلوں کے طریق کار کے لیے پیشکشیں جاری کی جائیں گی۔

اپر گریڈ قابل اور ہنرمند (G&T) درخواست کا دورانیہ کھلے گا

G&T پروگرامز شہر میں الیمنٹری اسکول کے اہل طلبا کے لیے تیز رفتار تعلیم کی پیشکش کرتے ہیں۔ آگر آپکا بچہ تعلیمی سال 26-2025 کے دوران 1،2،3 یا 4 گریڈ میں ہوگا اور انکے رپورٹ کارڈ گریڈز کے مطابق اہل ہے، وہ خزاں 2025 کے لیے **MySchools.nyc** کے ذریعے G&T داخلوں کے عمل میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اہل طلبا کے خاندانوں کو اطلاع ملے گی کہ وہ انکے مائی اسکولز اکاونٹ سے وابستہ ای میل یا بذریعہ ڈاک درخواست دے سکتے ہیں۔ G&T اہلیت کے تقاضوں اور داخلوں کے طریق کار کے بارے میں جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/GT** پر جائیں۔

مڈل اسکول اور کنڈرگارٹن پیشکشیں

- اگر آپ نے کنڈرگارٹن، خزاں 2025 کے لیے آخری تاریخ 24 جنوری، 2025 تک درخواست دی تھی تو آپکو اپنے بچے کے لیے کنڈرگارٹن کی پیشکش **2 اپریل، 2025** کوملے گی۔
- اگر آپ نے مڈل اسکول، خزاں 2025 کے لیے آخری تاریخ 20 دسمبر، 2024 تک درخواست دی تھی توآپکو اپنے بچے کے لیے مڈل اسکول کی پیشکش **9 اپریل، 2025** کو اسکول اوقات کے بعد ملے گی۔

آپ کو بذریعہ ای میل اطلاع دی جائے گی کہ آپ اپنے **MySchools.nyc** اکاونٹ میں لاگ ان ہوں تاکہ پیشکش دیکھ سکیں اور کسی بھی منتظرین کی فہرست جس پر آپکا بچہ ہو، (اگر قابلِ اطلاق ہو) اور ساتھ ہی اگلے اقدامات کے بارے میں معلومات دیکھ سکیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ پیشکشیں کیسے دی جاتی ہیں، **schools.nyc.gov/MS** اور **schools.nyc.gov/K** پر جائیں۔